Unka Mangta Hoon Jo Mangta Nahin Hone Dete Urdu Lyrics

انکا منگتا ہوں جو منگتا نہیں ہونے دیتے

انکا منگتا ہوں جو منگتا نہیں ہونے دیتے
یہ حوالے مجھے رسوا نہیں ہونے دیتے

میری ہر عیب کی کرتے ہیں وہ پردہ پوشی
میرے جرموں کو تماشا نہیں ہونے دیتے

اپنے منگتوں کی فہرست میں رکھتے ہیں مجھے
مجھ کو محتاج کسی کا نہیں ہونے دیتے

بات کرتا ہوں تو آتی ہے مہک طیبہ کی
میرے لہجے کو وہ میلا نہیں ہونے دیتے

ہے یہ ایمان کے آئینگے لحد میں میری
اپنے منگتوں کو وہ تنہا نہیں ہونے دیتے

میرے حالات بھی یارو مرے دشمن ٹھہرے
مجھ کو دیدارِ مدینہ نہیں ہونے دیتے

حکم کرتے ہیں تو ملتے ہیں یہ مقطعے شاکر
آپ نہ چاہیں تو مطلع نہیں ہونے دیتے